فوری ریلیز کے لیے: 25/9/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

نیو یارک کے سائڈر والے خطے میں خزاں کا آغاز: گورنر HOCHUL اور نیو یارک سائڈر ایسوسی ایشن کا زرعی سیاحت کو فروغ دینے، دیہی معیشتوں کو مضبوط بنانے اور نیو یارک کو ملک میں ہارڈ سائڈر کی ممتاز ترین منزل کے طور پر قائم کرنے کے لیے " NY اسٹیٹ آف سائڈر" مہم کا آغاز

نیو یارک سائڈر ایسوسی ایشن اور Airbnb کے درمیان نئی شراکت داری ایک مخصوص ڈیجیٹل سفری گائیڈ کے ذریعے مسافروں کو نیو یارک کے ممتاز ہارڈ سائڈر والے خطوں سے جوڑے گی
اس مہم کا آغاز گورنر کے 2026 اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ میں کیے گئے اس عزم کو عملی جامہ پہناتا ہے کہ نیو یارک کو ملک میں ہارڈ سائڈر کی زرعی سیاحت کی سرفہرست منزل بنایا جائے

باضابطہ طور پر خزاں کا پہلا ہفتہ شروع ہوتے ہی، گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج NY اسٹیٹ آف سائڈر (NY State of Cider) مہم کے آغاز کا اعلان کیا جو ریاست بھر میں اپنی نوعیت کا پہلا اقدام ہے اور اس کا مقصد نیو یارک کے باغات، سائڈر بنانے والوں، ریسٹورنٹس، ریٹیل کاروباری اداروں، مہمان نوازی کے اداروں اور دیہی کمیونٹیز کو نمایاں کرنا اور فروغ دینا ہے جبکہ نیو یارک کو ملک میں سائڈر کی ممتاز ترین منزل کے طور پر قائم کرنا بھی اس کا ہدف ہے۔ اس آغاز میں نیو یارک سائڈر ایسوسی ایشن (New York Cider Association) کی Airbnb کے ساتھ نئی شراکت داری بھی شامل ہے اور یہ گورنر کے 2026 اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ میں کیے گئے اس عزم کو عملی جامہ پہناتا ہے کہ ریاست کی مقامی سائڈر کی صنعت کی معاونت کی جائے اور سائڈر سے وابستہ زرعی سیاحت کے وسیع امکانات سے بھرپور فائدہ اٹھایا جائے۔ نیو یارک ملک میں ہارڈ سائڈر پیدا کرنے والی سرفہرست ریاست ہے جہاں کسی بھی دوسری ریاست کے مقابلے میں سائڈر بنانے کے زیادہ مراکز موجود ہیں۔

"آئیے نیو یارک کے سائڈر پروڈیوسرز کے نام جام اٹھائیں۔" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "عالمی معیار کے ہمارے سیب کے کاشتکاروں، جدت پسند سائڈر بنانے والوں اور متحرک دیہی کمیونٹیز نے نیو یارک کو ہارڈ سائڈر کی پیداوار میں ایک نمایاں مقام دلایا ہے۔ NY اسٹیٹ آف سائڈر مہم ان خوبیوں کو ریاست کے رہائشیوں اور ملک بھر سے آنے والے سیاحوں کے سامنے اجاگر کرے گی جبکہ فارموں، چھوٹے کاروباری اداروں، ریسٹورنٹس اور سیاحتی مقامات کے لیے نئے مواقع بھی پیدا کرے گی۔ نیو یارک سائڈر ایسوسی ایشن کی Airbnb کے ساتھ شراکت داری اور زرعی سیاحت کے مستقبل میں ریاست کی سرمایہ کاری کے ذریعے، ہم مزید لوگوں کو نیو یارک کی بہترین پیشکشوں کا تجربہ کرنے کی دعوت دے رہے ہیں۔"

اس اقدام کے تحت، نیو یارک سائڈر ایسوسی ایشن Airbnb کے ساتھ شراکت کر رہی ہے تاکہ مسافروں کو ایک مخصوص آن لائن سفری گائیڈ کے ذریعے نیو یارک کے سائڈر کے لیے مشہور منفرد خطوں کی سیر کی ترغیب دی جا سکے جس میں مقامی رہائش گاہیں، سائڈر بنانے کے مراکز، باغات، ریسٹورنٹس، بوتل بند سائڈر فروخت کرنے والی شاپس اور قریبی سیاحتی مقامات شامل ہوں گے۔ یہ مہم سیاحوں کو مستند زرعی تجربات دریافت کرنے کی ترغیب دے گی جبکہ ریاست بھر کی کمیونٹیز میں سیاحت اور معاشی سرگرمیوں کو بھی فروغ دے گی۔

اس اقدام کا پہلا اعلان گورنر کے 2026 اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ میں کیا گیا تھا اور یہ گورنر Hochul (ہوکل) کی ان کوششوں کو مزید آگے بڑھاتا ہے جن کا مقصد نیو یارک کی زراعت کو مضبوط بنانا، سیاحت کو وسعت دینا اور چھوٹے کاروباری اداروں کی معاونت کرنا ہے جس کے لیے سیاحوں کو براہِ راست ان لوگوں اور مقامات سے جوڑا جاتا ہے جو NY سائڈر کو منفرد بناتے ہیں۔

نیو یارک میں ملک کی کسی بھی دوسری ریاست کے مقابلے میں زیادہ فعال سائڈر بنانے کے مراکز موجود ہیں اور یہ ملک میں سیب پیدا کرنے والی دوسری سب سے بڑی ریاست ہے۔ سائڈر کی پوری صنعت کا سالانہ معاشی اثر $1.8 بلین سے زیادہ ہے جبکہ نیو یارک کے باغات اور سائڈر بنانے کے مراکز، کاشت کے زیرِ استعمال زمین کو محفوظ رکھتے ہیں، ہزاروں ملازمتوں کی معاونت کرتے ہیں، مقامی معیشتوں کو مستحکم کرتے ہیں اور زراعت، فنی مہارت اور مہمان نوازی سے وابستہ منفرد اور حقیقی سفری تجربات تخلیق کرتے ہیں۔

نیو یارک سائڈر ایسوسی ایشن اور Airbnb کے درمیان شراکت داری دیہی مقامات پر بامعنی سفری تجربات کے لیے صارفین کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کی عکاسی کرتی ہے۔ Airbnb کے مطابق، 86 فیصد مسافر دیہی کمیونٹیز کا دورہ کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں جبکہ Airbnb کے تقریباً دو تہائی مہمان اپنے گھر سے 300 میل کے اندر سفر کرتے ہیں۔ Airbnb کی ویب سائٹ پر نیو یارک لینڈنگ پیج میں ریاست کے سائڈر والے پانچ منفرد خطے دکھائے جائیں گے تاکہ سیاح اپنی رہائش کے ساتھ قریبی سائڈر بنانے کے مراکز، باغات، ریسٹورنٹس، دلکش مقامات اور کھلی فضا کی سرگرمیوں کی سیر کا منصوبہ بنا سکیں۔

ریاست نیو یارک کے کمشنر برائے زراعت Richard A. Ball (رچرڈ اے بال) نے کہا، "نیو یارک کا ہارڈ سائڈر ہمارے باغات سے شروع ہوتا ہے اور زرعی مہارت کی کئی نسلوں کی عکاسی کرتا ہے۔ سائڈر بنانے کے کسی بھی مرکز کا ہر دورہ ہمارے کاشتکاروں کی معاونت کرتا ہے، مقامی غذائی نظام کو مضبوط بناتا ہے اور ان زیرِ کاشت زرعی علاقوں کے تحفظ میں مدد کرتا ہے جو ہماری ریاست کی شناخت بناتے ہیں۔ یہ مہم نیو یارک کے زرعی شعبے کے پیچھے موجود شاندار لوگوں کو سامنے لاتی ہے جبکہ زیادہ سے زیادہ صارفین کو براہِ راست یہ دیکھنے کی ترغیب دیتی ہے کہ ان کی خوراک اور مشروبات کہاں سے آتے ہیں۔"

ریاست نیو یارک لیکر اتھارٹی (New York State Liquor Authority, SLA) کی چیئر Lily Fan (للی فین) نے کہا، "ریاست نیو یارک دنیا کے بعض بہترین باغات اور ملک کے انتہائی ماہر سائڈر بنانے والوں کا گھر ہے۔ NY اسٹیٹ آف سائڈر مہم نیو یارک کی سیر کے اس منفرد سفری تجربے کو سامنے لائے گی جہاں اپنی نوعیت کے خاص زرعی تجربات، عالمی درجے کی مہمان نوازی اور باغات کے تازہ پھلوں سے تیار ایسے مشروبات دستیاب ہیں جن کی مثال کہیں اور نہیں ملتی۔ SLA کو گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کے اس اقدام کی معاونت پر فخر ہے جس کا مقصد ہماری ریاست کے شاندار سائڈر پروڈیوسرز کو فروغ دینا، مقامی کاروباری اداروں کی ترقی میں مدد کرنا اور نیو یارک کی معیشت کو مضبوط بنانا ہے۔"

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development) کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight (ہوپ نائٹ) نے کہا، "گورنر Hochul (ہوکل) کی مرکوز توجہ والی کوششوں سے نیو یارک میں زرعی کاروبار کا شعبہ پھل پھول رہا ہے، اور یہ نئی مہم سیاحوں اور مقامی لوگوں کو ریاست کی دلچسپیاں اور مواقع دیکھنے کی مزید ترغیب دے گی۔ نیو یارک کے کاشتکاروں، تیار کنندگان اور سائڈر کی صنعت کے ثمرات سے لطف اندوز ہونے والے سب لوگوں کے نام جام اٹھائیے!"

ریاستی سینیٹر Michelle Hinchey (میشیل ہنچی) نے کہا، "نیو یارک ملک میں ہارڈ سائڈر پیدا کرنے والی سرفہرست ریاست ہے اور اس کا سہرا ان کاروباری مالکان کو جاتا ہے جو پوری لگن سے اپنے سائڈر بنانے کے مراکز کو زرعی سیاحت کی ایسی منزلیں بناتے ہیں جہاں ضرور جانا چاہیے۔ نیو یارک سائڈر ایسوسی ایشن اور Airbnb کے درمیان یہ نئی شراکت داری ہمارے خطے میں سیاحوں کا خیرمقدم کرنے اور ان کے اگلے سفر میں انہیں خاندان کے زیرِ انتظام شاندار باغات، سائڈر بنانے کے مراکز اور ریسٹورنٹس دریافت کرنے میں مدد دینے کا ایک دانشمندانہ طریقہ ہے۔ مقامی کاروباری اداروں کی معاونت کا ایک نیا ذریعہ قائم کرنے پر گورنر Hochul (ہوکل)، نیو یارک سائڈر ایسوسی ایشن اور Airbnb کا شکریہ۔ اس سے ان کاروباری اداروں کو زیادہ گاہک ملیں گے اور ان کی فروخت بڑھے گی جو نیو یارک کی سائڈر کی صنعت کو فروغ دیتے ہیں۔"

رکن اسمبلی Donna Lupardo (ڈونا لوپارڈو) نے کہا، "نیو یارک کے ہارڈ سائڈر کو بڑے پیمانے پر معیار کی اعلیٰ ترین مثال سمجھا جاتا ہے! یہی وجہ ہے کہ میں نے اس سال کے ریاستی بجٹ میں NY اسٹیٹ آف سائڈر اقدام کو

شامل کرنے کی بھرپور حمایت کی۔ مجھے کوئی شک نہیں کہ ہمارے سیب کے کاشتکاروں، سائڈر پروڈیوسرز اور سائڈر بنانے کے مراکز کو نمایاں کرنے سے وہ ریاست کے زرعی سیاحت کے شعبے کا مزید اہم حصہ بن جائیں گے۔ ابتدائی فارم سائڈری قانون (Farm Cidery law) کی شریک اسپانسر کی حیثیت سے، مجھے خاص طور پر یہ دیکھ کر خوشی ہے کہ یہ صنعت کتنی ترقی کر چکی ہے اور میں اس بات کی منتظر ہوں کہ مزید سیاح نیو یارک کے سائڈر کے شاندار خطوں کو دریافت کریں۔"

نیو یارک سائڈر ایسوسی ایشن کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Scott Ramsey (اسکاٹ ریمزی) نے کہا، "ہارڈ سائڈر نیو یارک کو اس کی اصل روح کے ساتھ محسوس کرنے کے بہترین طریقوں میں سے ایک ہے۔ ہر گلاس میں ان باغات، کاشتکاروں، تیار کنندگان، ریسٹورنٹس اور کمیونٹیز کی جھلک نظر آتی ہے جو اسے زندہ رکھتے ہیں۔ یہ مہم محض ایک کرافٹ مشروب کو فروغ دینے سے کہیں بڑھ کر ہے۔ اس کا مقصد زراعت کو مضبوط بنانا، مقامی کاروباری اداروں کی معاونت کرنا، زرعی سیاحت کے مواقع میں اضافہ کرنا اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ریاست نیو یارک بھر میں ان کے منتظر غیر معمولی تجربات دریافت کرنے میں مدد دینا ہے۔"

Airbnb کے شمال مشرقی اٹلانٹک کے پالیسی امور کے سربراہ Michael Blaustein (مائیکل بلاوسٹین) نے کہا، "ایک اچھے سائڈر کی طرح، Airbnb بھی لوگوں کو کسی ایسی چیز کے گرد اکٹھا کرتا ہے جس سے وہ محبت کرتے ہیں اسی لیے ہمیں نیو یارک سائڈر ایسوسی ایشن اور ریاست کے ساتھ شراکت پر بے حد خوشی ہے تاکہ نیو یارک کے سیب کے کاشتکاروں اور سائڈر پروڈیوسرز کو نمایاں کیا جا سکے۔ ہماری نئی گائیڈ سیاحوں کو نیو یارک کے سائڈر والے خطے کا راستہ تلاش کرنے میں مدد دے گی اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ خرچ کی گئی رقم کا زیادہ حصہ انہی میزبانوں اور مقامی چھوٹے کاروباری اداروں کو ملے جو ان کمیونٹیز کو ممتاز مقامات بناتے ہیں۔ زرعی سیاحت دیہی معیشتوں کو مضبوط بنانے اور خاندانوں کے زیرِ انتظام فارموں اور مقامی کاروباری اداروں تک آمدنی براہِ راست پہنچانے کے سب سے براہ راست طریقوں میں سے ایک ہے۔"

NY اسٹیٹ آف سائڈر مہم میں مربوط مارکیٹنگ، ڈیجیٹل ذرائع سے قصہ گوئی، کھانے پینے کے شعبے کے ساتھ شراکت داریاں، سیاحت کا فروغ اور ریاست بھر میں صارفین کی شمولیت شامل ہو گی جن کا مقصد نیو یارک سائڈر کو ریاست کے زرعی ورثے اور سیاحتی تجربے کے ایک لازمی حصے کے طور پر اجاگر کرنا ہے۔ یہ تمام کوششیں مل کر نیو یارک کی ملک میں ہارڈ سائڈر پیدا کرنے والی نمایاں ریاستوں میں سے ایک کی حیثیت کو مزید مستحکم کرتی ہیں جبکہ سیاحت کو فروغ دینے، زراعت کی معاونت کرنے اور امپائر اسٹیٹ بھر کی کمیونٹیز کے لیے نئے معاشی مواقع پیدا کرنے کے گورنر Hochul (ہوکل) کے وژن کو بھی آگے بڑھاتی ہیں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔